اور ڈبل ڈول والا جوان رہا ہوگا۔ بلغار سے آپ مفتی مولانا عبدالقادر یوگوی کی وفات کے موقع پر غواڑی تشریف لائے تھے۔اس وقت گاڑی سے اتر کر روتے ہوئے فرمایا ''مرنے کی باری تو میری تھی مگر مولانا عبدالقادر اس میں بھی ہم پر سبقت لے گیئے۔'' آپ کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کے بعد آپ مشتِ استخوان بن کر رہ گیئے تھے۔اس وقت آپ کی عمر نا پائیدار نوّے کے پیٹے میں داخل ہوگئی تھی۔جس میں انسان بمصداق ارشادِالٰہی ﴿ومن نعمّره ننكسه فى الخلق﴾ کا ترجمان ہو جاتا ہے۔

وفاتِ حسرت آیات: بڑھاپے کی لا علاج بیماری تو آپ کو لاحق ہی تھی مگر اکتوبر ۱۹۸۸ء کی ایک شام آپ کی طبیعت یکا یک خراب ہوگئی اور تقدیر مبرم آچکی، فرشتۂ اجل نے آپ کو بڑی سرعت کے ساتھ عالم برزخ میں پہنچا ہی دیا۔اس وقت آپ کی عمر مستعار ۹۳ برس تھی ۔آپ آبائی قبرستان میں مدفون ہوئے۔آپ کی نماز جنازہ میں تمام مکاتب فکر کے عقید تمندوں نے شرکت کی۔شیخ الحدیث مولانا ثناءاللہ سالک نے نماز جنازہ پڑھائی۔

اولاد و احفاد: مولانا کی چار اولاد تھی۔صاحبزادوں کے نام یہ ہیں: (۱) مولوی عبداللہ، آپ نے والدگرامی سے تعلیم حاصل کی۔(۲) مولانا عبدالرحمٰن شیخ، آپ نے دارالحدیث رحمانیہ کراچی اور دارالعلوم اوڈانوالہ سے تعلیم حاصل کی۔اور مؤخرالذکر ادارہ سے ۱۹۶۹ میں سند فراغت حاصل کی۔اس کے بعد سے محلہ ژھوق میں دارالعلوم بلتستان کی طرف سے معلم اور خطیب ہیں۔(۳) صوبیدار محمد علی، آپ نے ۱۹۹۴ء میں وفات پائی۔تینوں فرزندان اور چوتھی دختر اولادِ ذکور واناث سے مالا مال ہے، جو اللہ کی ایک بیش بہا نعمت ہے۔

جناب مولانا نعیم بٹ کو صدمہ

7-5-11: چند غنڈوں نے مولانا محمد نعیم بٹ نائب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی اہلیہ محترمہ کو سوتے حالت میں شہید کر دیا اور فرار ہو گیئے۔ہم اس بہیمانہ سلوک کی بھرپور مذمت اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ دہشت گرد قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے۔اس موقع پر جناب بٹ صاحب کے شریک غم ہیں۔اللہ تعالیٰ سوگواران کو صبر و شکیبائی اور مرحومہ کو جنت الفردوس عطا فرمائے۔

(جمعیت اہلحدیث بلتستان)

تاریخ کے اوراق

ماہ اگست کے اہم واقعات

ابوعبداللہ

2002-8-03 مولانا عبدالوہاب حنیف سابق مدیر التعلیم جامعہ ہذا ورئیس مجلس عاملہ ریاض میں ایک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگیے۔آپ مدرسہ اوڈانوالہ فیصل آباد کے فارغ تھے۔ادارہ کے لیے آپ کی گرانقدر خدمات تھیں۔رحمہ اللہ وغفرلہ وأدخلہ فسیح جناتہ!

2009-8-07 بلتستان کو الگ ڈویژن (کمشنری) کا درجہ دیا گیا۔

2005-08 خادم الحرمین الشریفین فہد بن عبدالعزیز نے وفات پائی اور ولی عہد عبداللہ بن عبدالعزیز سریر آرائے مملکت ہوگیے۔اسی روز فاتح عیسائیت مناظر اسلام شیخ احمد دیدات نے بعمر ۸۷ سال وفات پائی۔

610-8-10 رسول اکرم ﷺ پر غار حرا میں پہلی وحی ﴿اقرأ باسم ربک الذی خلق﴾ تا پانچ آیات کے ساتھ ہوئی۔یہ ۱۷ رمضان مبارک کی تاریخ تھی۔

1947-8-14 طویل جدوجہد آزادی اور ہزاروں مسلمانوں کی جانی ومالی قربانیوں کے بعد ملک ہندوستان انگریز سامراج سے آزاد ہوا اور روئے زمین پر نظریہ لا إلہ إلا اللہ کے نام پر معرض وجود میں آنے والا پہلا ملک پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھر آیا۔اور یہ ۲۷ رمضان المبارک کی تاریخ تھی۔

1948-8-14 مقامی جدوجہد اور مجاہدین بلتستان کی سرفروشانہ قربانیوں کی برکت سے بلتستان ڈوگرہ راج سے آزاد ہوا۔اور پاکستان کے ساتھ الحاق ہوا۔تحریک آزادی کے اس سفر میں دیگر مجاہدین کے ساتھ مسلک اہلحدیث بلتستان کی جانی اور مالی قربانیاں بھی قابل ذکر ہیں۔

1975-8-15 بنگلہ دیش کے صدر شیخ مجیب الرحمٰن اپنے محافظ میجر کرنل فاروق وساتھیوں کے ہاتھ افراد کنبہ کے ۲۲ افراد کے ساتھ قتل ہوئے۔ان پر بھارت نوازی کا گہرا شبہ تھا۔

641-8-16 حضرت عمرو بن العاص ؓ کے ہاتھوں دور عمر فاروق ؓ میں مصر فتح ہوا۔